© rasailojaraid.com



محترم عبدالکریم صابر، ایڈیٹر ہفت روزہ "مخلص" ڈیرہ اسماعیل خان

مجلس احرارِ اسلام کے مخلص اور پرجوش سپاہی مرزا غلام نبی جانبازؒ کے سانحۂ ارتحال پر

# قطعۂ تاریخ

غیور و دلفریب احرار کے ناز
عجب تھا اُس کا اِک نرالا انداز

لئیق و مخلص و مونس و مدبر
نہ سمجھے اس کے ارتقائے خوب کا راز

ابد تک نام ہو گا سب کے لب پر
عجب تھی پر کشش کچھ اس کی ایسی آواز

ملے گا اس کو حق سے ایسا انعام
کہے گا ایک عالم ہے یہ اعجاز

یہی ہے التجا درگاہِ حق میں
در فردوس ہو اس کے لئے باز

جہاں دار و جہاں گیر اس کے اوصاف
نرالا تھا جہاں زیب و جہاں ساز

بحمداللہ وہ اب فردوس میں ہے
درِ فیضِ الٰہی سب ہوئے باز

الٰہی نور کی بارش ہو اس پر
ہوں اس پر رحمتیں بے حد یہ اعجاز

زہے قسمت ملیں گر خواب میں وہ
ہر اِک پہلو تھا جو اِک سحر پرداز

ہے صابر کر گئی ہے رُوح اب تو
غلامِ نبیِ جانباز پرواز

۱۴۱۳ھ

© rasailojaraid.com